© rasailojaraid.com

# نقد و تبصرہ

* گلہائے بسیم فی اسوۃ النبی الکریم

تصنیف : غائص جہلمی

تقسیم کار : المعارف ۔ گنج بخش روڈ ۔ لاہور

صفحات : ۱۸۸ قیمت : ۲۷ روپے

معلومات عامہ کی ان کتابوں کا اپنا ایک مقام ہے جو کسی شخصیت کے احوال و آثار کو مختصر سوالوں اور مختصر جوابوں کی صورت میں پیش کرتی ہیں ۔ ذہنی آزمائش کے مقابلوں اور زبانی امتحانوں کے لئے یہ کتابیں بہت مفید ہیں ۔ گزشتہ چند برسوں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ و سلم کی حیات مبارکہ پر اس طرح کی جو کتابیں شائع ہوئی ہیں ان میں سے ایک "گلہائے بسیم فی اسوۃ النبی الکریم" بھی ہے ۔ مؤلف جناب غائص جہلمی نے ۶۱ عنوانات کے تحت ۱۲۷۶ سوالات اور ان کے جوابات یکجا کئے ہیں ۔ انہوں نے جن مستند ماخذوں سے یہ کتاب ترتیب دی ہے ان میں سیرت ابن ہشام ، سیرت النبی (شبلی نعمانی) ، رحمۃ للعالمین (قاضی سلیمان منصور پوری) اور اصح السیر (عبد الرؤف دانا پوری) قابل ذکر ہیں ۔

کتاب معنوی اور صوری دونوں اعتبار سے دلکش اور جاذب توجہ ہے ۔ تعلیمی اداروں کے کتب خانوں میں ایسی کتابوں کی موجودگی طلبہ کی معلومات میں اضافے کا سبب بنے گی ۔

© rasailojaraid.com